روزے کی حالت میں خون دینا

کیافرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے کہ روزے کی حالت میں کسی مریض کو خون دے سکتے ہیں ؟اور کیا خون دینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ سائل: کمال خان (ملائشیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

اگر واقعی مریض کی حالت ایسی ہے کہ ماہر حاذق مسلمان غیر فاسق طبیب کے مطابق خون دیئے بغیر اس کی جان جانے یا مرض طویل ہو جانے کا اندیشہ ہے تو ایسی صورت میں ایک مسلمان کی جان بچانے کی نیت سے خون دینا جائز ہے جبکہ خون دینے والے کو کوئی ضرر لاحق نہ ہو(نقصان نہ پہنچے)، اور روزے کی حالت میں خون دینے سے روزہ بھی فاسد نہیں ہوتا(نہیں ٹوٹتا)۔ کیونکہ عموماً روزہ اس چیز سے ٹوٹتا ہے جو بدن میں داخل ہو، کسی چیز کے نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا(منی اور قے کے علاوہ)۔ چنانچہ مصنف ابن ابي شيبہ میں ہے

الْفِطْرُ مِمَّا دَخَلَ وَلَيْسَ مِمَّا يَخْرُجُ

ترجمہ:روزہ اس چیز سے ٹوٹتا ہے جو بدن میں داخل ہو اور جو چیز بدن سے خارج ہو اس سے نہیں ٹوٹتا۔

(مصنف ابن ابي شيبه ، رقم الحديث 9319، مكتبة الرشد الرياض)

اور ویسے بھی جسم سے خون نکالنا مثلِ حجامہ ہے اور روزے کی حالت میں حجامہ کروانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا چنانچہ جامع الترمذی میں حدیثِ پاک ہے رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا

" ثَلَاثٌ لَا يُفْطِرْنَ الصَّائِمَ: الحِجَامَةُ، وَالقَيْءُ، وَالِاحْتِلَامُ "

ترجمہ:تین چیزیں روزے دار کا روزہ نہیں توڑتی ، حجامہ کروانا ، قے کرنا اور احتلام(خواب میں غسل فرض ہونا)

(جامع الترمذی، رقم الحدیث،719)

اور مصنف ابن ابي شيبہ اور السنن الکبریٰ میں ہے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ

ترجمہ: رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ حجامہ کرواتے تھے اس حال میں کہ آپ روزے سے ہوا کرتے تھے
(مصنف ابن ابي شيبه رقم الحديث 9315، مكتبة الرشد الرياض) (السنن الكبرىٰ رقم الحديث 8298)

اور حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے

أو احتجم لم يفسد

ترجمہ:یا حجامہ کروایا تو روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

(حاشيةالطحطاوى على مراقي الفلاح ،ج 1 ص 659,660 ،دار الكتب العلمية بيروت)

البتہ ایسا شخص جس کو پتا ہے کہ میں اگر خون دوں گا تو اس کی وجہ سے میرے جسم میں کمزوری آجائے گی اور روزہ مکمل کرنا دشوار ہو جائے گا تو اس شخص کے لیے روزے کی حالت میں خون دینا مکروہ ہو گا۔چنانچہ فتاوی عالمگیری میں ہے

وَلَا بَأْسَ بِالْحِجَامَةِ إنْ أَمِنَ عَلَى نَفْسِهِ الضَّعْفَ أَمَّا إذَا خَافَ فَإِنَّهُ يُكْرَهُ وَيَنْبَغِي لَهُ أَنْ يُؤَخِّرَ إلَى وَقْتِ الْغُرُوبِ

ترجمہ:اگر کمزوری کا اندیشہ نہ ہو تو حجامہ کروانے میں کوئی حرج نہیں اور اگر کمزوری کا اندیشہ ہو تو پھر مکروہ ہے اور بہتر ہے کہ وہ غروب آفتاب تک موخر کرے۔

(الفتاوى الهندية المعروف فتاوى عالمگيرى ، ج 1 ص 199,200 مطبوعہ دار الفكر بيروت)

هـذاما سنح لی،والله اعلم بالصواب
المفتقـــر الى رحمة الله التـوّاب

ذالك كذلك وأني مصدق لذلك
مفتی عطا محمد مشاهدی (عفي عنه)
رئیس دارالافتاء دارالعلوم حشمت الرضا

ابو حنظلہ خالد تسنیم المدنی
(غـــفـــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)
22/05/2018

Donating blood whilst fasting

Do the Scholars and Muftis of Islam deem it permissible for a fasting individual to donate blood to a patient? Will giving blood invalidate the fast? Questioner: Kamal Khan from Malaysia

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

If a non-fasiq (practicing) and experienced Muslim doctor holds the view that in the case of blood not being given, the patient's life is at risk or there is fear of the illness being prolonged, then in such a case it would be permissible to give blood with the intention of saving a Muslim's life. However, this is conditional upon the blood donor not incurring any repercussions as a result.

Moreover, giving blood whilst fasting will not invalidate the fast, as in most cases the fast will only break if something enters the body, as opposed to something leaving the body. In certain circumstances, the discharge of semen and vomiting are an exception to this rule.

It is mentioned in Musannaf ibn Abi Shaybah:

الْفِطْرُ مِمَّا دَخَلَ وَلَيْسَ مِمَّا يَخْرُجُ

'The fast will break because of something entering the body, not because of something discharged from it'.

(مصنف ابن ابي شيبه ، رقم الحديث 9319، مكتبة الرشد الرياض)

For blood to leave the body is akin to cupping, and this is something which does not invalidate the fast. It is stated in Jami Al-Tirmizi, that the Prophet صلى الله تعالى عليه و سلم said:

" ثَلَاثٌ لَا يُفْطِرْنَ الصَّائِمَ: الحِجَامَةُ، وَالقَيْءُ، وَالِاحْتِلَامُ "

‘Three things do not invalidate the fast: cupping, vomiting, and nocturnal emission’.

(جامع الترمذی، رقم الحدیث،719)

Furthermore, the following narration is mentioned in Musannaf ibn Abi Shaybah and Al-Sunnan Al-Kubra:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ

‘The Messenger of Allah صلى الله تعالى عليه و سلم would have cupping done whilst fasting’.

(مصنف ابن ابي شيبه رقم الحديث 9315، مكتبة الرشد الرياض) (السنن الکبریٰ رقم الحدیث 8298)

Also relating to this topic, it is mentioned in Al-Tahtawi’s footnotes on Maraq Al-Flaah:

أو احتجم لم يفسد

‘...or to have cupping done will not invalidate the fast’.

(حاشیةالطحطاوی علی مراقي الفلاح ،ج 1 ص 659,660 ،دار الکتب العلمیة بیروت)

Nevertheless, it is makruh (disliked) for a fasting individual to donate blood if he knows that this will weaken his body to such an extent, that it will become difficult to complete the fast.

It is stated in Fatawa Alamgeeri:

وَلَا بَأْسَ بِالْحِجَامَةِ إنْ أَمِنَ عَلَى نَفْسِهِ الضَّعْفَ أَمَّا إذَا خَافَ فَإِنَّهُ يُكْرَهُ وَيَنْبَغِي لَهُ أَنْ يُؤَخِّرَ إلَى وَقْتِ الْغُرُوبِ

If a person don’t feel any weakness as a result of cupping then there is nothing wrong to having cupping in the state of fasting and if he he had fear of weakness then its makrooh(disliked)to having cupping whilst fasting and he should delay until time of sunset.

(Fatawa Alamgeeri, Vol:1 p:199;200)

هـذاما سنح لی،والله اعلم بالصواب

المفتقـــــر الی رحمة الله التـوّاب

Answered by:

Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani

(غـــفـــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

Verified by:

Mufti Atta Muhammad Mushahidi

Head of Dar-Ul-Ifta Hashmat-Ul-Raza

Translated by: Atta-Ul-Haq

22/05/2018